Presented by: jafrilibrary.org
ولا یحیطون بشیء من علمه الا بما شاء
[illegible] بزینت قرآن کتاب جمال الحق حصه دوم جواهر خمسه موسوم
احسن الاعمال
بار پنجم بعد تصحیح ادعیه ماثوره و تنقیح عبارات سابقه و اضافه بعض اعمال مفیده
در مطبع رضوی واقع دہلی طبع شد

ولا یحیطون بشیٔ من علمه الا بما شاءؑ

والتسکروین ان سیت قرآن کتاب مستطاب احسن الاعمال حصہ دوم جواہر خمسہ مرسوم

احسن الاعمال

بار پنجم بعد تصحیح اوحیٰ نوروره تنقیح عبارات سابقہ و اضافہ بعض اعمال مفیدہ

در مطبع رضوی واقع دہلی طبع شد

فہرست مضامین کتاب ہذا

باب اول عملیات مین

باب دوم علم اعداد و نقوش مین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۔
امابعد ہیچمدان سید میر حسن ہاشم مطیع رضوی دہلی شائقان نقش و اعمال کی خدمت میں عرض کرتا ہے کہ کتاب گنج جواہر خمسہ مطبوعہ سابق کہ جو ہر چہارم و پنجم میں جو اکثر اعمال و نقوش مجرب اور کتابوں سے منتخب کر کے الحاق کئے تھے اب وہ حسب فرمائش چند احباب طبع حصہ دوم کتاب سے صرف علیحدہ کر دیئے گئے اور نام اسکا احسن الاعمال حصہ دوم جواہر خمسہ رکھا اور ہر دو جواہر باقی ماندہ کا ترجمہ کچھ تو شامل کتاب کر دیا گیا اور کچھ فوائد حسینہ حصہ سوم میں بطور تکملہ درج کیا امید کہ جو صاحب ان ہر سہ حصص کو پڑھیں اور فائدہ اوٹھائیں اس عاجز کو دعائے خیر سے نہ بھولیں واللہ المستعان وعلیہ التکلان

باب اول اعمال و افسون کے بیان میں۔ اعمال برائے درد سر و چشم و دندان

وغیرہ جسکے سر میں درد ہو تو اوس جگہ کو پکڑ کر سات بار یہ پڑھکر دم کرے یا کاغذ پر لکھکر موضع درد پر باندھے خدا چاہے آرام ہو جاوے وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰہُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۔ یا مُدَبِّرُ نِعَم
ایضاً اگر باد و غبار ہو ایک سانس میں چودہ بار پڑھکر دم کرے اور پیشانی ہاتھ سے پکڑ رہے درد جاتا رہے ایضاً اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا زعفران گھسکر کاغذ پر لکھے اور سر پر باندھے درد جاتا رہے دیگر درد شقیقہ یعنی آدھی سیسی کے واسطے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ گیارہ بار پڑھکر دم کرے اور پانچ کیلیں یا سات تیلیاں جہاڑو کی سر سے چہوا کر تیلیاں کو سے میں گاڑدے اور کیلیں کنوے کی منڈیر پر یعنی دیوار میں گاڑدے دیگر یا سَمِیْعُ وَالْمُطَابِقُ کاغذ پر لکھکر سر پا اناکے درخت میں چپکا دیں جس جگہ دہنین درد ہو موافق ہو جاوے

یوں لکھے اوس حرف پر کیل ٹھونکے اور اوسوقت مریض سے وعدہ کر لے کہ وعدہ کم جب تک وعدہ پورا نہ ہو درد ہرگز نہ ہو گا رباعی درد سر و یا زنخ نداں بہ بیں و یہم یاد علق زن راست ہمنشین و یہم سر و رمیں زن درد او گوش ۔ بہر تپ دطا بزن فارغ نشین ایضاً شاہ ولی رحمۃ اللہ نے لکھا ہے کہ میں نے والد مرشد سے سنا فرماتے تھے کہ جب تیرے پاس کوئی دانت یا سر کے درد والا آوے یا اوسے ریاح سناتی ہو تو ایک تختی یا پٹری پاک لیکر اوس پر ریگ بچھا پہیلا کر کیل سے ابجد ہوز حطی لکھا اور کیل کو حرف الف پر رکھے اور ایکبار سورۂ فاتحہ پڑھے درد والا اپنی انگلی درد کی جگہ پر رکھے رہے اور پھر اوس سے پوچھے کہ تجھکو آرام ہو گیا اگر آرام ہو گیا ہو تو بہتر اور نہیں تو کیل دوسرے حرف بے کی طرف نقل کرو اور دوبارہ سورۂ فاتحہ پڑھکر پوچھے اگر آرام نہ ہوا ہو تو کیل جیم کی طرف نقل کرے اور تین بار الحمد پڑھے اسیطرح ہر حرف کیل بڑھاتا جاوے اور سورۂ فاتحہ ہر بار زیادہ کرتا جاوے آخر حروف تک پہونچیگا کہ آرام ہو جاویگا دیگر برائے درد چشم جزری نے حصن حصین میں لکھا ہے کہ آشوب چشم والا یہ دعا پڑھکر دم کرے اَللّٰہُمَّ مَتِّعْنِیْ بِبَصَرِیْ وَاجْعَلْہُ الْوَارِثَ مِنِّیْ وَاَرِنِیْ فِی الْعَدُوِّ ثَاْرِیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ ظَلَمَنِیْ دیگر جزری نے لکھا ہے کہ جسکے درد ہو تو درد کی جگہ پر اپنا داہنا ہاتھ رکھکر یہ دعا سات بار پڑھے ہر بار پڑھکر ہاتھ اوٹھالے بِسْمِ اللّٰہِ اَعُوْذُ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ دیگر برائے درد شکم درد پا جاتا ہے کہ کلمات لَنْ تَلْحَقَنَا الْنَّکْرَا زمین پر لکھکر موضع درد کو ہاتھ سے پکڑے اور دوسرے ہاتھ سے کلمہ اول پر زور چاقو سے کاٹے اگر درد جاتا رہے تو چھوڑ دے ورنہ پھر موضع درد کو پکڑے اور کلمہ دوم میں پھر کلمہ سوم میں چاقو مارے خدا چاہے درد جاتا رہے دیگر برائے دفع چیچک حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ نے لکھا ہے کہ میں نے اپنے والد ماجد سے سنا کہ فرماتے تھے جب بیماری چیچک کی ظاہر ہو تو نیلا سوت لیکر سورۂ رحمٰن پڑھے اور جب فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ

پر پہچے گرہ لگاوے اور دم کرے پہر چیچک والے کے گلے مین ڈالدو ایضاً اگر آیۃ سلٰم قولا
من رب الرحیم لکہین اٹہ گیہون پر ایک ایکبار پڑھکر ہر دانہ پر دم کرے اور بچہ کو کہلاوے اگر بچہ شیرخوار
ہو تو دانہ باجرہ پر پڑھکر کہلاوے انشاء اللہ چیچک ہو دیگر برائے دفع خلل سان سات دانہ مرچ
سیاہ پر یہ اسمار سات سات بار جدا جدا پڑھکر دم کرے اور ہر بار اول و آخر درود شریف ایک ایکبار پڑھے
اور بچہ کو ایک دانہ روز کہلاوے انشاء اللہ آرام ہو جاوے گا اسمار یہ ہین یا جبرائیل یا میکائیل یا اسرافیل
یا عزرائیل یا دردائیل یا رقمائیل یا شنکفیل بحق یا بکم ایضاً اگر اس آیت کو
سفید مرغ کے خون سے لکہکر کمر مین باندہے خلل سان جاتا رہے بسم اللہ الرحمن الرحیم وکفی
باللہ ایاک نعبد وایاک نستعین ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم انہ من سلیمان
وانہ بسم اللہ الرحمن الرحیم ان لا تعلوا علی واتونی مسلمین ۔ قال عفریت من الجن انا
اٰتیک بہ قبل ان تقوم من مقامک وانی علیہ لقوی امین دیگر برائے دفع طفلان یعنی پسلی
آنا اور سلی کا آزار یہ مرض بچون کو مثل ضیق النفس کے ہوتا ہے علامت اسکی یہ ہے کہ پسلی مین
گڑھا پڑتا ہے اور سانس متواتر چلتا ہے پس اوسوقت چاہیے کہ رام سرخ یعنی سرکنڈہ جسطرف
کیطرف ہو تو انگل لیکر اوس سے جہاڑے اور یہ افسون پڑہتا جاوے جب سات بار پڑھ
چکے سرکنڈہ ناپے جسقدر بڑھ گیا ہو کاٹ ڈالے بعدہ پہر جہاڑے اور ناپے غرض جب تک
بڑہے کاٹتا رہے خدا چاہے آرام ہو جاوے گا ۔ افسون یہ ہے ۔ تو انگل کا سرکنڈہ کاٹون وس
اگر ہو جائے تو یہ جہاڑون پانی پت کو جاؤ دُہائی حضرت شاہ شرف قطب عالم کی ۔

اعمال برائے دفع نظر بد کفتار وعا چشم زخم انسان وحیوان و بہوت و پری جاننا
چاہیے کہ نظر ایک زہر ہے کہ خدا تعالے نے بعضے آدمیون کی آنکہون مین رکہ
ہے کہ جیسا بچہو کا ڈنک اور سانپ کی زبان زہر دار ہے اسی طرح آدمیون کی

آنکہ مین زہر ہے اور یہ بجانے کہ غیر کی نظر لگتی ہے بلکہ بعض اوقات اپنی بہی نظر لگ جاتی
ہے چنانچہ اسکا علاج حق تعالی نے اپنے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان
دُرفشان سے بیان فرمایا تاکہ خلقت کو فایدہ ہو ۔ چنانچہ حسن بصری رح نے کہا ہو کہ اگر
کوئی اپنے مال یا اولاد پر نظر لگنے کا وہم کرے تو وہ اس آیت کو جو سورہ نون والقلم کے
آخر مین ہے تین بار پڑہکر دم کرو یا کرے وان یکاد الذین کفروا آخر سورہ ایضاً
شاہ ولی اللہ رح نے قول الجمیل مین لکہا ہو جس لڑکے کو نظر لگانیوالی عورت نظر لگاوے
جسکو ڈائن بہی ہتیائی کہتے ہین ایک گول لکیر چہری یا چاقو سے زمین پر کہینچے پہر آیۃ الکرسی
اور ان تین آیتون کو پڑہتے ہوئے چہری کو کُنڈل کے اندر گاڑ دو اور کہے کہ مین نے چہری
گاڑ دی نظر لگانے والے کے دل مین پہر اوسکو ڈہانپ دو رکابی سے تو وہ آیتین یہ ہین
وقل جاء الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقا ۔ ویحق اللہ الحق بکلمٰتہ
ولو کرہ المجرمون ۔ ویرید اللہ ان یحق الحق بکلمٰتہ ویقطع دابر الکافرین لیحق الحق
ویبطل الباطل ولو کرہ المجرمون ۔ ویمح اللہ الباطل ویحق الحق بکلمٰتہ انہ علیم
بذات الصدور ۔ بعدہ دعا اعوذ بکلمات اللہ التامات من شر کل شیطان وھامۃ
ومن کل عین لامۃ یا حفیظ یا رقیب یا وکیل یا کفیل فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم
ایضاً اگر نظر لگانے والی یا جادوگر کو کہے او فلانے اور اسکا نام لیکر پکارے جو نظر لگاتا ہو تو
تو اسکا اثر باطل ہو جاویگا ایضاً اور یہ بہی لکہا ہے کہ جب نظر لگانا اور نظر کا لگانے
والا ثابت ہو جاوے تو اوسکے منہ اور دونون ہاتہ اور پاؤن اور شرمگاہ ایک برتن
مین دہو کر اوس پانیکو اوس پر چہڑکے جسکو نظر لگی ہو وہ اوسیدم اچھا ہو جاویگا اور
یہ امام مالک نے موطا مین روایت کی ہے ایضاً اور اسی کتاب قول الجمیل

مین لکھا ہے کہ صحیح مسلم مین مروی ہے کہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نظر کا لگنا
حق ہے اگر کوئی چیز تقدیر پر غالب ہوتی تو نظر غالب ہوتی اگر کوئی تم مین سے نہلاوے تو دہو دو
یعنے اگر کوئی دفع نظر کے واسطے درخواست کرے کہ مونہہ وغیرہ دہو دیجئے تو دہو دینا
چاہئے کہ شاید تمہاری ہی نظر لگ گئی ہو اسکا برا ماننا نہین چاہئے اور روایت ہے کہ حضرت
عثمان رضی اللہ عنہ نے ایک خوبصورت لڑکا دیکھا تو فرمایا کہ اوسکی ٹہوڑی مین کالا ٹیکا
لگا دو تاکہ اوسکو نظر نہ لگے **ایضاً** یہ بھی شاہ ولی اللہ رح نے لکھا ہے کہ ایک پاک تاگہ مین
ناپ کر نظر زدہ کے پاس کہے اور عزیمت پڑہکر نظر زدہ پر پہونکتا رہے پہر دوبارہ پڑہے
اور تاگہ ناپے اگر تین انگل سے بڑہ جاے یا کم ہو جاوے تو معلوم کرے کہ نظر لگی ہے پس
تین بار مکرر کرنا چاہئے نظر جاتی رہیگی **طریقہ عزیمت کا یہہ ہے** کہ اول بسم اللہ و لا حول و لا
قوۃ الا باللہ تین بار۔ اور سورہ فاتحہ تین بار پڑہکر یہ عزیمت پڑہے اور بجائے فلان
بن فلان کے نام نظر زدہ کا اور اوسکے باپ کا لیوے عزمت علیک ایتہا العین التی
فی فلان بن فلانۃ او فلانۃ بنت فلانۃ بعزۃ اللہ و بنور عظمۃ وجہ اللہ بالحری
به القلم من عند اللہ الی خیر خلق اللہ محمد بن عبد اللہ صلی اللہ علیہ و الہ
وسلم عزمت علیک ایتہا العین التی فی فلان ابن فلانۃ بحق اشراھیا براھیا
ادونا انهات الادنای عزمت علیک ایتہا العین التی فی فلان ابن فلانۃ
بحق شہت بہت انہت یا مطاع النجا یا الذی لا یوضع علیہ الارض ولا سماء
اخرجی یا نفس السوء من فلان ابن فلانۃ کما اخرج اللہ یوسف من الضیق وجعل
لیوسف فی العرش یقینا فالا فانت بریء من اللہ تعالی واللہ تعالی بریء منک
اخرجی یا نفس السوء من فلان ابن فلانۃ بالف الف قل ھو اللہ احد اخرجی یا نفس

السوء بالف الف لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم وننزل من القرآن ما هو شفاء ورحمۃ
للمؤمنین ولو انزلنا هذا القرآن علی جبل لرأیتہ خاشعا متصدعا من خشیۃ اللہ
فاللہ خیر حافظا وهو ارحم الراحمین حسبنا اللہ ونعم الوکیل ولا حول ولا قوۃ
الا باللہ العلی العظیم وصلی اللہ علی سیدنا محمد واٰلہ واصحابہ وسلم
ایضاً اگر یہ حرز لکھکر بچے کے گلے مین ڈالے کوئی نظر نہ لگے اور ہر بلا سے محفوظ رہے
بسم اللہ الرحمن الرحیم وصلی اللہ تعالی علی محمد واٰلہ وصحبہ اعوذ بکلمات اللہ التامۃ
من شر کل شیطان وہامۃ وعین لامۃ تحصنت بحصن الف الف لا
حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم **ایضاً** کتاب مفتاح الرشاد مین لکھا ہے کہ اگر
کسی کو نظر بد لگ جاوے یہ افسون پڑہے اللہم اذھب حرھا وبردھا ووصبھا
بعدہ کہے قم باذن اللہ اور کسی جانور کو نظر بد ہو گئی ہو چار بار سوراخ
بینی طرف راست اور تین بار طرف چپ مین پہونکے اور کہے لا باس اذھب
الباس رب الناس اشف انت الشافی لا یکشف الضر الا انت **عمل** برائے دفع
تپ یعنی بخار اگر اس افسون کو لکھکر مریض کے بازو پر باندہے بخار جاتا رہے۔
بسم اللہ الرحمن الرحیم براءۃ من اللہ العزیز الحکیم الی ام ملدم التی تاکل
اللحم وتشرب الدم وتہشم العظم اما بعد یا ام ملدم ان
کنت مؤمنۃ فبحق محمد صلی اللہ علیہ واٰلہ واصحابہ وسلم
وان کنت یہودیۃ فبحق موسی الکلیم علیہ السلام وان
کنت نصرانیۃ فبحق المسیح عیسی ابن مریم علیہما
السلام ان لا تاکلی لفلان ابن فلانۃ لحما ولا

خداوند چیچین یا بادہ عمل مار گزیدہ کا مسلم نے ابی سعید خدری سے روایت کی ہے کہ کئی صحابی ایک
مکان پر گئے ہوئے تھے اتفاقاً وہاں کے سردار کو سانپ کاٹ گیا اون لوگون نے صحابہ کرام سے کہا کہ علاج
کیجیے صحابی نے کہا کہ اگر تمہارا صاحب اچھا ہوگا تو تم ہمکو کیا دوگے غرض کہ تیس بکریان دینے کا اقرار کیا
بعدہ ایک صحابی نے سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کر دی سردار وہ اچھا ہو گیا **ایضاً** مار گزیدہ کی پیشانی پر یا
جو شخص مار گزیدہ کے پاس آوے اوسکی پیشانی پر انگشت شہادت سات بار رکھے اور یہ دعا پڑھے اول
آخر درود شریف تین بار قَالَ اَلْقِهَا يَا مُوسٰى فَاَلْقٰهَا فَاِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى **ایضاً** عمل حضرت
شیخ زکی الدین صاحب ولاد بابا فرید گنج شکر رح سے پہونچا ہے ادع هو اهند معتلہ
قطعنعنع بحق شاہ نوری پنڈاوی ہر روز بارہ جینے مین ایکبار جو شخص وضو کر کے پڑھا کرے یا
لکھے اوسکو سانپ ہرگز نہ کاٹیگا مجرب ہے **ایضاً** ایک شخص نے شاہ غیاث الدین صاحب دہلوی
سے پوچھا کہ میرے گھر مین سانپ اکثر نکلتے ہین اور مین خائف رہتا ہون فرمایا سوتے وقت
سَلَامٌ عَلٰى اِلْيَاسِيْنَ پڑھ لیا کر پس ایکدن اوسنے دیکھا کہ پلنگ کے نیچے سانپ مرا پڑا ہے
ایضاً بچھو کے منتر کا علاج ابن ابی شیبہ کی مسند مین عبد الغفور سے روایت ہے کہ آنحضرت
کی اونگلی مین نماز کے اندر ایک بچھو نے ڈنک مارا جب آپ نماز سے فارغ ہوئے فرمایا لعنت کرے اللہ
بچھو کو نہ نبی کو چھوڑتا ہے نہ دوسری کو پھر ایک برتن مین نمک کے پانی مین گھولکر انگلی پر سینکتے رہے اور قل
ہو اللہ اور معوذتین پڑھنا شروع کیا یہانتک کہ درد جاتا رہا اور بعض روایت مین سورہ فاتحہ کو بھی لکھا
علاج لکھا ہے **منتر عقرب گزیدہ** بعضی حدیث میں آیا ہے کہ کسی صحابی نے عرض کی یا رسول اللہ ہمکو
بچھو کا منتر آتا ہے آپنے فرمایا کہ اوسکو کیا کرو اور نفع لوگون کو پہنچایا کرو منتر یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ شَجَّةٌ قَرْنِيَّةٌ
مِلْحَةٌ بَحْرٍ قَفْطًا کہی لوہر پڑھکر دم کرے **برائے دفع وبا** بعضی حدیثون میں آیا ہے کہ فرمایا آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ طاعون یعنی وبا ایک عذاب ہے کہ بھیجا گیا اوپر گروہ بنی اسرائیل کے

اوپر اون لوگون کے جو تم سے پہلے تھے پھر جب سنو تم اس بیماری کو کسی زمین پر تو وہان نہ جاؤ اور جو اوس
زمین پر جہان تم رہتے ہو واقع ہو تو وہان سے بھاگو نہیں اور لکھا ہے کہ جو شخص وبا سے مر جاتا ہے
درجہ شہادت کا پاتا ہے پس ایام وبا مین سبحان اللہ ادرد، وہ بکثرت پڑھا کیجیے **ایضاً** بجناب
شاہ تراب علی برائے حفاظت از وبا ہر روز سات بار بعد نماز فجر یہ دعا پڑھا کرے اَللّٰهُمَّ يَا وَلِيَّ
الْوَلَاءِ يَا سَامِعَ الدُّعَاءِ يَا كَاشِفَ الضُّرِّ وَالْبَلَاءِ اِصْرِفْ عَنِّي الْقَهْرَ وَالْمَرَضَ وَالْوَبَاءَ وَالْغَلَاءَ
وَالْقَحْطَ وَالسَّقَمَ وَالْجَهْلَ بِحَقِّ مُحَمَّدِنِ الْمُصْطَفٰى وَعَلِيِّنِ الْمُرْتَضٰى وَفَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ وَ
الْحَسَنِ الْمُجْتَبٰى وَحُسَيْنٍ شَهِيْدِ دَشْتِ كَرْبَلَا يَا دَيَّانُ يَا دَيَّانُ يَا دَيَّانُ **ایضاً برائے دفع وبا**
یہ عمل بہت مجرب ہے صبح و شام سات بار پڑھکر گھر مین چارون طرف پہونکے ایک بھی وہان ہرگز
وبا نہین آویگی عمل یہ ہے عبد اللہ کا پوت آمنہ کا جایا جا وبا محمد ہمارے گھر آیا **ایضاً** اگر ایام وبا
مین اسکو مکان کے دروازہ پر لگاویگا وہ مکان محفوظ رہیگا لِي خَمْسَةٌ اُطْفِيْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ
الْحَاطِمَةَ الْمُصْطَفٰى وَالْمُرْتَضٰى وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةُ **برائے دفع جنون** صاحب اتقان نے ابی
بن کعب سے نقل کیا ہے کہ ایک روز مین نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیٹھا تھا کہ اتنے مین ایک
اعرابی آیا اور کہا یا رسول اللہ میرے بھائی کو جنون ہو گیا ہے فرمایا اوسکو میرے پاس پکڑ لا پس وہ
اوسکو لایا حضرت نے اوسکو روبرو بٹھا کر سورہ فاتحہ کو پڑھا اور چار آیتہ اول سورہ بقر کی مفلحون
تک اور پارہ سیقول کے تیسرے رکوع سے وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ اور ایک آیۃ الکرسی اور تین آیتین آخر سورہ بقر کی
اور ایک آیت سورہ آل عمران کی شَهِدَ اللّٰهُ سے حَكِيْمٌ تک اور ایک آیت سورہ اعراف کی اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ سے رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ تک
اور ایک آیت سورہ مومنین کی فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ اور ایک آیت سورہ جن کی وَاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا
مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا اور دس آیتین اول صافات کی عَذَابٌ وَّاصِبٌ تک اور
تین آیتین آخر سورہ حشر کی اور قل ہو اللہ اور معوذتین پڑھکر پھونکین پس کھڑا ہو گیا اور اچھا ہو گیا وہ شخص

ہو تو چاہیے کہ اول دو انگلی شہادت کی زمین پر رکھی پھر دو شاکر پیچھے دو بار رکھی اور یہ پڑھے بسم اللہ
تربۃ ارضنا بریقۃ بعضنا لیشفی سقیمنا باذن ربنا ہر روز یوں ہی کرے بحکم خدا اچھا ہو جاویگا
دیگر برائے نملہ ایک پھوڑا ہے جو آدمی کے پہلو میں ہوا کرتا ہے اور اوس میں چیونٹیاں سے
پھرتی ہوئی معلوم ہوتی ہیں پس چاہیے کہ منتر بالا کو ایک لکڑی پر پڑھکر سرکہ تیز میں گھسے
اور اس پھوڑے پر لگاوے دیگر برائے دفع کنٹھ مالا جسکی گردن میں ہو تو ایک چمڑے کا تسمہ
مریض کے قد کے موافق لیکر اکتالیس گرہ دیکر اور یہ دعا پڑھے بسم اللہ الرحمن الرحیم
اعوذ بعزۃ اللہ و عفو اللہ و عظمۃ اللہ و برہان اللہ و سلطان اللہ و کنف اللہ و جوار
اللہ و امان اللہ و حرز اللہ و صنع اللہ و کبریاء اللہ و نظر اللہ و بہاء اللہ و جلال اللہ
و کمال اللہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ من شر ما اجد دیگر برائے [illegible]
دعا کو سات بار روز پڑھے اور اشارہ کرتا جاوے پڑھتے وقت جریہ دعا ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم
اللھم صل علی محمد و علی آل محمد و بارک و سلم بسم اللہ العظیم الحلیم الکریم بسم
الرحمن الرحیم رب العرش العظیم بعزۃ اللہ و قدرتہ و سلطانہ ایتھا الحمرۃ جاءتک
جنود من السماء و قال سلیمان ایتھا الریح اجیبی داعی اللہ فمن یجب داعی اللہ
فمالہ من ملجا یوما لہ من ظہیر بسم اللہ و باسماء اللہ الطیب علی اللہ اللہ یکفیک و
اللہ یشفیک من کل داء یوذیک و من کل آفۃ تعتریک لا حول ولا قوۃ الا باللہ
العلی العظیم و صلی اللہ تعالی علی خیر خلقہ محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین و سلم
تسلیما کثیرا برحمتک یا ارحم الراحمین دیگر کتاب منتخب الانوار میں منقول ہے
کہ خنازیر ایک بیماری ہے کہ جسکو کنٹھ مالا بولتے ہیں وہ دو طرح کی ہوتی ہے ایک

سلام علی موسی و ہارون سلام علیکم طبتم فادخلوھا خالدین اخرج باذن الرحمن یا
بادا اخرج باذن الرحمن یا سبیۃ بادا اخرج باذن الرحمن یا سقیند بادا اخرج باذن الرحمن
یا دہرہ بادا اخرج باذن الرحمن یا سبز بادا اخرج باذن الرحمن یا خام بادا اخرج باذن الرحمن
یا طیبد بادا اخرج باذن الرحمن یا ہفت رنگ بادا اخرج باذن الرحمن یا ہمہ بادا [illegible]
و ننزل من القرآن ما ھو شفاء و رحمۃ للمؤمنین ولا یزید الظالمین الا خسارا و بحرمت
جلالہ و جمالہ و کبریائہ اخرج باذن الرحمن و بحرمت توریت موسی و انجیل عیسی
و زبور داؤد و فرقان محمد مصطفی صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم و بحرمت طٰہٰ و یٰس
دفع شو بفرمان خدای تعالی و بحرمت لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ بحق اعوذ بکلمات
اللہ التامات من شر ما خلق و من شر ھامۃ و کل عین لامۃ بحق اھیا اشراھیا
ادونی اصباؤت یا غافر یا غفور یا غفار دفع شو بفرمان لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ
برحمتک یا ارحم الراحمین پس کاغذ پر لکھکر بچے کے گلے میں لٹکا دے صبح کو تین بار [illegible]
کرے چالیس روز میں انشاء اللہ تعالی فائدہ ہو دیگر اگر کسی کا بچہ روتا ہو تو اسکے [illegible]
لکھکر ڈالے یا نیخ منیما فلا موت اور اسکی تاثیر ہے کہ جو کوئی اس سم کو پڑھ پاس رکھے
و تیر وغیرہ اوس پر اثر نکریگا چنانچہ مولوی رمضان صاحب اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ ایک شخص کو
یہ لکھکر دیا وہ کسی معرکہ میں گیا تو پندرہ سولہ تیر اوسپر لگے مگر کچھ بھی اثر نکیا اعمال برائے [illegible]
عورت کیلئے ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے یہ آیت لکھو اور عورت کو کمر میں ڈالو و لو ان قرآنا
سیرت بہ الجبال او قطعت بہ الارض او کلم بہ الموتی بل للہ الامر جمیعا
ایضاً اگر چاہے لوگوں پر سات بار اس آیت شریف کو پڑھے اور بعد فراغ حیض کے [illegible] وقت

مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ایضاً یہ آورزہ جس عورت
درد شدید ہو اور بچہ نہ جنتا ہو تو پرچہ کاغذ پر یہ آیت لکھکر پاک کپڑے میں لپیٹ کر ران کی بائیں
باندھے وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ اَهْيًا اَشَرَاهِيًا ف كلو آهيا
اشراهيا جناب موسیٰ کی دعا ہے معنی یہ ہیں اے زندہ قبل ہر چیز کے اور آئندہ بعد ہر چیز کے
ایضاً یہ آورزہ کتاب لطائف الاسرار میں لکھا ہے کہ یہ آیت ربانی کاغذ پر لکھکر میں باندھو
انشاءاللہ فوراً بچہ ہوگا كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰهَا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِيْمِ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ
لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ
بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ○ اَللّٰهُمَّ يَا خَالِقَ النَّفْسِ مِنَ
النَّفْسِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ایضاً الرامہ یا اعیثو نجے بقلم جلی لکھکر جاء کے روبرو رکھیں تو بچہ ہو
دیگر جس عورت کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو تو اجوائن اور کالی مرچ پر بروز دوشنبہ دوپہر کے وقت چالیس بار
سورۂ والشمس پڑھے اور ہر بار دم شریف والے آخر پڑھکر دم کرتا رہے پھر اسکو بعد حمل کے ہر روز
اُس عورت کو کھلایا کرے دیگر جو عورت سوائے لڑکی کے لڑکا نہ جنتی ہو تو قبل تین مہینے حمل کے ہرن کی
جھلی پر زعفران اور گلاب سے اس آیت کو لکھے اور عورت کی کمر میں باندھو خدا چاہے لڑکا ہو۔
اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ عَالِمُ
الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ۔ يَا زَكَرِيَّا اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ اسْمُهٗ يَحْيٰى لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ
قَبْلُ سَمِيًّا ۔ بحق مریم و عیسیٰ ابنا صالحا طویل العمر بحق محمد و اصحابہ اجمعین ○
برحمتك يا ارحم الراحمين ایضاً جو عورت لڑکا نہ جنتی ہو تو اسکو پیٹ پر گول لکیر کھینچے
پھیرے ساقہ یا متین کہکر دیگر یہ ہے افزونی شیر عورت یہ آیت کاغذ پر لکھکر ایک عورت کے گلے

... وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا
رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ایضاً سورۂ حج
یا سورۂ یٰسین ایک غذیر زعفران سے لکھکر پلاوے دودھ بہت ہو **عمل برائے عنّیت وعدم قدرت**
بر جماع یعنی جو شخص نامرد ہو یا بند کر دیا گیا ہو دو روز پان پر یہ اسم لکھکر کھلاوے جو سکے تو ہر شہد
اور قدرے مشک و زعفران کے ساتھ کھلائے انشاءاللہ مرد ہو جاوے روز اول بسم اللہ الرحمن الرحیم
یا قیوم وصلی اللہ علی محمد و آلہ واصحابہ اجمعین الٰہی بحرمت محمد و علی و فاطمۃ
والحسن والحسین ان تعافینی من العنۃ وتقوینی علی الجماع الحلال وصلی
اللہ علی محمد واصحابہ اجمعین (دوسرے روز) حٰمٓ عٓسٓقٓ یا صمد یا فرد یا ذالجلال و
الاکرام لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین ان تعافینی من العنۃ وتقوینی
علی الجماع وصلی اللہ علی محمد وآلہ واصحابہ اجمعین **برائے حبس بول** اگر کسیکا پیشاب
بند ہوگیا ہو تو یہ آیہ شریفہ لکھکر مریض کے شکم پر باندھے اور دوسری کو پلاوے وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى
لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا دیگر ایضاً اگر کسیکا
پیشاب بند ہوگیا ہو یا درد گردہ یا خارش ہو تو یہ افسون کاغذ پر لکھکر لٹکائے یا سات بار پڑھکر دم کرے ربنا اللہ
الذی فی السماء تقدس اسمک امرک فی السماء والارض کما رحمتک فی السماء فاجعل رحمتک
فی الارض واغفر لنا حوبنا وخطایانا انت رب الطیبین فانزل شفاء من شفائک ورحمۃ
من رحمتک علی ھذا الوجع دیگر **واسطے تیزی ذہن کے** جسکو تیزی ذہن و حفظ قرآن منظور ہو
تو شب جمعہ کو آخر شب یا اول شب چار رکعت نفل پڑھے اول میں بعد از فاتحہ سورۂ یٰسین دوسری
میں سورۂ دخان اور تیسری میں الم تنزیل السجدہ اور چوتھی میں تبارک الذی بعدہ خدا کی حمد
ثنا کرے اور آنحضرت پر درود بھیجے پھر یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِیْ بِتَرْكِ الْمَعَاصِیْ اَبَدًا

ما ابقیتنی وان اتکلف ما لا یعنینی وارزقنی حسن النظر فیما یرضیک عنی اللھم بدیع
السموات والارض ذو الجلال والاکرام والعزۃ التی لا ترام اسئلک یا اللہ یا رحمن یا رحیم
بجلالک ونور وجھک ان تلزم قلبی حفظ کتابک کما علمتنی وارزقنی ان اتلوہ علی النحو
الذی یرضیک عنی اللھم بدیع السموات والارض یا ذا الجلال والاکرام والعزۃ التی
لا ترام اسئلک یا اللہ یا رحمن یا رحیم بجلالک ونور وجھک ان تنور بکتابک بصری
وان تطلق بہ لسانی وان تفرج بہ عن قلبی وتشرح بہ صدری وان تستعمل بہ بدنی
فانہ لا یعیننی علی الحق غیرک ولا یؤتیہ الا انت ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم
تین جمعہ یا سات جمعہ تک پڑھنا چاہئے **ایضاً برای تیزی ذہن** چینی کی رکابی یا کاغذ پر زعفران
سے لکھکر یہ آیت سات روز تک پلائے خدا چاہے ذہن اور حافظہ تیز ہو جائے بسم اللہ الرحمن
الرحیم رب اشرح لی صدری ویسر لی امری واحلل عقدۃ من لسانی یفقھوا قولی
دیگر جسکا حافظہ ناقص ہو اور قرآن بھول جانیکا خوف ہو تو سوتے وقت ہمیشہ دس آیتیں سورہ بقر
کی پڑھ لیا کرے چار آیتیں اول کی اور آیۃ الکرسی خالدون تک اور تین آیتیں آخر کی پھر قرآن نہ بھولیگا
دیگر برای دفع بدخوابی جو کوئی سوتے وقت چونک چونک اٹھتا ہو اسکو نیند نہ آتی ہو اور خوف معلوم ہوتا ہو
تو یہ کلمات کہا کرے اعوذ بکلمات اللہ التامات من غضبہ وعقابہ وشر عبادہ و
من ھمزات الشیاطین وان یحضرون ایضاً دفع بدخوابی کیلئے یہ دعا مجرب ہے اللھم غارت النجوم
وھدئت العیون وانت حی قیوم لا تاخذہ سنۃ ولا نوم یا حی یا قیوم اھدئ
لیلی وانم عینی ف حدیث میں ہے کہ شام کو بچوں کو باہر نکلنے نہ دیا کرو کیونکہ اس وقت شیطان پھیلتے ہیں
دیگر جسکی آنکھ صبح کو نہ کھلتی ہو یا جب اٹھنے کا ارادہ ہو اور نہ اٹھ سکے تو سوتے وقت یہ آیت پڑھکر
دعا مانگا کرے کہ فلانے وقت میری آنکھ کھل جائے ان الذین آمنوا وعملوا الصالحات

آخر سورہ کہف تک **دیگر برای دفع لاغری اطفال** یعنی جس بچہ کو سوکھا لگ گیا ہو تو سات روز تک ایک ایک بچہ
سوا مرغی پر یہ افسون قند سیاہ پر پڑھکر بچہ کو کھلا دے اور لقوہ و سرخبادہ و بادگین و قسام و دیگر
بالی پر سات بار پڑھکر مریض کے منہ پر دم کرے انشاء اللہ فائدہ ہو افسون یہ ہے ادعوتک تدعوتک آب زمزم
ختم شد محمد رسول اللہ از دنیا برفت تو نیز نا پیدا شو بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ **دیگر برای گریہ**
اطفال ہرن کی کھال پر لکھکر گلے میں باندھے بسم اللہ الرحمن الرحیم ام حسبت ان اصحب الکھف والرقیم کانوا
من آیتنا عجبا قل کونوا حجارۃ او حدیدا او خلقا مما یکبر فی صدورکم بسم اللہ وباللہ
والی اللہ ومن اللہ وآخرہ من اللہ ولا یعجز علی امر اللہ یا ارحم الراحمین **دیگر برای**
کشادن نصیب دختران اگر کسی لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو تو یہ آیت شریف لکھکر اسکے
گلے میں باندھے اور بعد ہر نماز کے پڑھا کرے بسم اللہ الرحمن الرحیم وینصرک اللہ نصرا عزیزا نصر من اللہ
وفتح قریب وبشر المؤمنین ان تستفتحوا فقد جاءکم الفتح انا فتحنا لک فتحا مبینا لیغفر لک
اللہ ما تقدم من ذنبک وما تاخر ویتم نعمتہ علیک ویھدیک صراطا مستقیما وینصرک
اللہ نصرا عزیزا ھو الذی انزل السکینۃ علیھم واثابھم فتحا قریبا وعندہ مفاتح الغیب لا
یعلمھا الا ھو وفتحنا السماء فکانت ابوابا اذا جاء نصر اللہ والفتح وھو ارحم برحمتک
یا ارحم الراحمین **برای دفع سرخی بدن** اگر کسیکا بدن سرخ ہو جائے یا پھوڑے نکلیں یا سرخ باد ہو تو یہ
پڑھکر دم کرے اللھم صل علی محمد وعلی آل محمد وبارک وسلم بسم اللہ العظیم الحلیم الکریم
الرحمن الرحیم رب العرش العظیم بعزۃ اللہ وقدرتہ وسکنی یا ایتھا الریح الخبیثۃ داعی
اللہ تعالی بہ الارض ملکھا بسم اللہ وباللہ والطیب علی اللہ
بکلمتہ من کل داء تعوذیک ومن کل قرحۃ تحزنک لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم
وصلی اللہ تعالی علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین وسلم تسلیما

برای کشادن نصیب دختران

برای دفع سرخی بدن

کبیر الکبرا برحمتک یا ارحم الراحمین **برای دفع جادو** حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے
روایت کی ہے کہ جس کسی پر جادو ہو قرآن کی آیتیں پڑھ کر اس پر دم کریں انشاء اللہ شفا ہو آیۂ سورہ
یونس کی فلما القوا قال موسیٰ ما جئتم بہ السحر تک اور آیۂ سورہ اعراف کی فوقع الحق سے رب موسیٰ و ہارون تک
اور ایک آیۂ سورہ طٰہٰ کی انما صنعوا کید ساحر ولا یفلح الساحر حیث اتیٰ ایضاً شاہ ولی اللہ صاحب لکھتے
ہیں کہ میں نے اپنے والد بزرگ سے سنا کہ تینتیس آیتیں جادو کی اثر سے اور شیطان و چور درندے اور دشمن کے
شر سے محفوظ رکھتی ہیں چار آیتیں سورہ بقرہ کی اول سے مفلحون تک اور آیۃ الکرسی خالدون تک اور تین آیتیں
آخر سورہ بقرہ کی للہ ما فی السمٰوٰت سے آخر تک اور تین آیتیں سورہ اعراف کی ان ربکم محسنین تک اور سورۂ بنی
اسرائیل کی پچھلی آیت قل ادعوا اللہ او ادعوا الرحمٰن آخر تک اور دس آیتیں والصافات کی لازب تک اور دو آیتیں
سورہ رحمٰن کی یا معشر الجن سے فلا تنتصران تک اور آخر سورۂ حشر کی لو انزلنا سے آخر تک اور دو آیتیں سورۂ
جن کی قل اوحی سے علی اللہ شططا تک۔ ان آیات پر سورہ فاتحہ اور چاروں قل زیادہ کرنے چاہئیں
ایضاً عمل بجری برائے سحر و جادو فرمودہ حضرت حافظ عبد العزیز صاحب قدس اللہ سرہ العزیز
پڑھ کر پانی پر دم کر کے مسحور کو پلاوے اکیس دن میں انشاء اللہ فائدہ ہو جاوے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللہم
صل علی محمد و علی آل محمد و بارک وسلم بجری بجری کو اور بجری نہ ہوں سن دوا بجری
بجری جا بجری سب جاگ سکا زنجار دو یہ ہو جا جو تو جادو پھیر کرے الٹ شبہ ڈالن کا
ڈالن پر جا جو کرے سو مرے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ و ننزل من القرآن ما ہو
شفاء و رحمۃ للمؤمنین ولا یزید الظالمین الا خسارا **دیگر برائے دفع جمیع امراض** یعنی
حدیث میں آیا ہو کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیمار ہوئے تو جبرائیل یہ پڑھ کر دم کرتے بسم اللہ الرحمٰن
الرحیم ارقیک من کل شیء یؤذیک ومن کل عین او حاسد اللہ یشفیک بسم اللہ
ارقیک ایضاً شاہ ولی اللہ صاحب لکھا ہے کہ میں نے اپنے والد ماجد سے کہ چھ آیتیں

پڑھنا ان آیات شفا کہتے ہیں ہر مرض کے لئے سفید چینی کے برتن میں لکھ کر
مریض کو پلاوے (۱) ویشف صدور قوم مؤمنین (۲) وشفاء لما فی الصدور (۳) یخرج من
بطونہا (۴) شراب مختلف الوانہ فیہ شفاء للناس (۵) وننزل من القرآن ما ہو شفاء
ورحمۃ للمؤمنین (۵) واذا مرضت فہو یشفین (۶) قل ہو للذین آمنوا ہدی وشفاء
ایضاً برائے مایوس العلاج جس بیمار کو مرض سے فرصت نہ ہوتی ہو چینی کی رکابی میں سورہ فاتحہ لکھ کر چالیس
دن تک پلاوے خدا چاہے مرض سے فرصت پاوے یا حی حین لا حی فی دیمومۃ ملکہ و بقائہ **دیگر برائے**
دفع جملہ بلاہا حاکم نے ابو ہریرہؓ سے روایت کی ہے کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے کہ جب مجھ پر سختی یا تکلیف پہنچی
تو کہتے جبرائیل علیہ السلام یا محمد کہا کرو توکلت علی الحی الذی لا یموت والحمد للہ الذی
لم یتخذ ولدا ولم یکن لہ شریک فی الملک ولم یکن لہ ولی من الذل وکبرہ تکبیرا
جس بیمار پر سورہ انعام لکھ کر پڑھے شفا پاوے **دیگر برائے دفع شر بیماریہا** اگر کسی بیمار کو دیکھے تو یہ دعا پڑھے
کرو انشاء اللہ تعالیٰ وہ بیماری اوس پر نہ ہو اللہم انی اعوذ بک الحمد للہ الذی عافانی مما ابتلاک
بہ وفضلنی علی کثیر ممن خلق تفضیلا **اعمال آسیب یعنی جن بھوت اتارنے اور**
اوسکو پکڑنے اور جلانے کے بیان میں آسیب زدہ کا یہ آیت سات بار پڑھو ولقد
فتنا سلیمان والقینا علی کرسیہ جسدا ثم اناب **ایضاً دفع آسیب** کے لئے مریض کے کان میں
اذان دیکر سورہ فاتحہ اور معوذتین اور آیۃ الکرسی و سورہ طارق اور سورہ حشر کا آخر ہو الذی سے آخر تک
اور سورہ صافات تمام پڑھے آسیب جلجاوے **ایضاً** آسیب زدہ کے کان میں سورہ مومنون کا آخر افحسبتم
سے تمام سورہ تک پڑھنا مفید ہے **ایضاً** پاک پانی پر سورہ فاتحہ اور آیۃ الکرسی سات پانچ آیتیں اول سورہ
جن کی گیارہ بار پڑھ کر اوسکو منہ پر چھینٹا دے ہوش میں آجائیگا اور جس مکان میں آسیب معلوم ہو
اوسکو چاروں طرف چھڑکے تو آسیب جاتا رہے **دیگر آسیب حاضر کرنے اور دریافت**

کرنیکے بیان مین واضح ہو کہ ہر عامل کو چاہیئے کہ جب ایسے مریض کو دیکھے تو امتحان کرے
کہ خلل آسیب یا پری کا ہے یا کوئی مرض ہے کیونکہ اکثر اوقات مرض ہی مشابہ آسیب کے ہوتا ہے پس جب
معلوم ہو جاتب دست اندازی کرے اور طریق امتحان یہ ہے کہ آسیب زدہ کو اپنے روبرو دو زانو بٹھا کر ہاتھ
اوسکے آگے رکھے پھر ایک تختہ پر کچھ دایرے کھینچے اور اوسمین بجائے خود ایکطرف نشان مرض جو دنیاوی
ایکطرف خلل آسیب یا پری و دایرے بہوت اسطور پر لکھے کہ مریض کو معلوم نہو بعدہ عزیمت تین بار یا جو
یا جو یا سوندہ یا بنولوں یا خاک پر پڑھکر دم کرے اور ایکدو دانے یا پھول رنج کے ہاتھ پر رکھے تا ایکساعت
تک وہ اوس تختہ نشانی اوسکے لگے کرے اگر اوسکو لرزہ ہو اور ہاتھ اوٹھے پس جس نشان تک نشانی پر
پڑے وہی خلل ہے اگر بدن اوسکا بھاری ہو جاوے تو آسیب ہے اور ہلکا ہے تو بیماری ہے **عزیمت یہ ہے**
عزمت علیکم بما عزم بہ سلیمان وانہ من سلیمن وانہ بسم اللہ الرحمن الرحیم الا تعلو
علی واتونی مسلمین دنبکا دنبکا بحق کھیعص وبحق حمعسق جلیوش مرنوش اداوش
جیجوش سلمنوش سلمونین سلموش مرطوش مرطوش مرطوش بحق سلیمن بن داود
علیہما السلام لیکن ہر عامل کو چاہیئے کہ اول اپنی حفاظت کرے تاکہ اوسپر کچھ گزند اوسکے برے اثرات
احمد اکیا اور آیات سورہ بقر اول سے مفلحون تک اور آیۃ الکرسی خالدون تک اور یس اول سے صراط مستقیم
تک تین تین بار پڑھکر دونوں ہتھوں پر پہونکے منھ پر پھیرے **ویگر** اسم عظیم سو نقش ہے اگر کوئی شخص
ان اسما کو سات بار پڑھکر اپنے اوپر دم کرے ہر آسیب سے محفوظ رہے بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ
بلیشعاق الرحمن آین شمان الرحیم حیث شمانی **ایضا** بسن لیہی یٹم ن یتون کوا یک
جگہ کرکے یہ عزیمت تیرہ بار پڑھکر آسیب زدہ پر دم کرے دم ہونیکے اوسیوقت آسیب جاوے اور بیماری
جسم انسان ہو جا اگر یا مرض ہو تو بیماری وجودی ہے عزیمت یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم
بعزۃ اللہ وعظمتہ استقفحا استقفحا یا یہوہ مش قرہ شت قرہا

قہار بریا اخضر واخضر فیا اصحاب الجن والشیاطین من جانب الایمن والایسر ومن
جانب المشارق والمغارب بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اگر یہی عزیمت تیرہ بار
پہول پر پڑھکر سنگھاوے فورا آسیب حاضر ہووے **ایضا** واسطے حاضر کرنے دیو کے اول چاہیئے کہ چاروں
طرف مریض کے عود عنبر وصندل اور خوشبویات جلاوے اور یہ عزیمت پہول پر پڑھکر سنگھاوے
اوسیوقت حاضر ہو جاوے عزیمت یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم عزمت علیکم یا کینا نوش ملائن
الجنین والمغرب العجم بحق ابی عیم ابوک وبحق دبابوک جمہوش احوک وبحق تاج الملک
ابنک نبنیا نجیا فرشطا ساعۃ کہولہ کہوہ حطا حطفا منیرا منیرا عجل عجل
یا یکیانوش بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ **ایضا** اگر کوئی چاہے کہ آسیب کو حاضر
کرے چاہیئے کہ یہ عزیمت گیارہ بار پہول پر دم کرکے سنگھاوے اور ایک پہول اوسپر رکھے فورا
آسیب حاضر ہو اور اس عزیمت کا عمل سلیمانی ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم عزمت علیکم
فحومک فحومک جنبیک جنبیک المر المر صفکا صفکا الیسا الیسا بلیسا بلیسا طلیسا
طلیسا سوقدا سوقدا کہلا کہلا حلہلا حلہلا مہلا مہلا سجیا سجیا شدیدا شدیدا
نبیسا نبیسا بحق سلیمن بن داود علیہما السلام احضر من جانب المشارق والمغارب
ومن جانب الایمن والایسر بحق لا الہ الا اللہ وبحق عرش اللہ کہ ہستید **ویگر** واسطے آسیب
یہ عزیمت سات بار پڑھکر دم کرے بسم اللہ الرحمن الرحیم حلیلا جبائل شمسا قمر الطوکا
دیکا دا ایطا لوش باسم ملک قہار باسم ملک جبار باسم ملک شمہا شاہ ولکہ بریعا حرشوش
بحق آن نام کہ آدم صفی اللہ خواندہ وبحق آن نام کہ نوح نبی اللہ خواندہ وبحق آن نام کہ داود خلیفہ اللہ
خواندہ وبحق آن نام کہ اسمعیل ذبیح اللہ خواندہ وبحق آن نام کہ ابراہیم خلیل اللہ خواندہ وبحق آن
نام کہ موسی کلیم اللہ خواندہ وبحق آن نام کہ عیسی روح اللہ خواندہ وبحق آن نام کہ محمد حبیب اللہ

ذالک لا یاتیک الکل ضبار شکو بہیط ہیط ہیطا ہ لیتموخ یا شملیخا

اجمعین بعدہ بید انجیر یعنی رنڈی لکڑی آسیب زدہ پر مارو آسیب عاجز ہو جائیگا اگر عاجز نہو تو ایک پلا

کپڑا لیکر پلیتہ بناؤ اور یہ عزیمت تین بار پڑہکر دم کرو اور آسیب زدہ کی ناکمین جلاکر دہوان دیوے

اور اوس رنڈی لکڑی کو جلاؤ اور اس عزیمت کو کاغذ پر لکہکر فلیتہ بناؤ اور اوس مین اکیس لال

مرچ لپیٹ کر جلاؤ اور آسیب زدہ کی ناکمین دہوان دے عزیمت یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم

علیقا ملیقا خالقا مخلقا مخلوق وانت تعلم ما فی قلوبہم ملیقا ہانوق

مانوق راقوق فرعون عمر قد سدادعاد بعد ازان جب بہت گریہ وزاری کرے اور کہے

کہ مجہکو چہوڑدو واسطے سلیمان کے واسطے فیقیطوش کے واسطے محمد رسول اللہ کے پہر اوس سے شرط کرے

کہ دوبارہ اوسکو یا کسی انسانکو تکلیف نہ دیگا پہر یہ قسم لیکر سوئی پیشانی آسیب زدہ چہوڑدے۔

نوع دیگر ترکیب حاضرات شاہ بکتانوس شاہ جنات پہلے چالیس روز تک اس عزیمت کو ایک

سو گیارہ بار ہر روز پڑہے بعدہ جب عمل مین آجاوے کاغذ پر یہ نقش لکہکر ایک کوری چراغ مین روغن

چنبیلی ڈالکر روشن کرین اور مریض کو روبرو بٹہاوین اور عزیمت مذکور پڑہتے رہین پہر شاہ بکتانوس

حاضر ہوا اوس سے حال مریض کا بیان کرین اور جو پوچہنا اور سوال کرنا ہو سوال کرین وہ جواب دیگا اور اگر

سوا مریض کے دوسرے آدمی پر حاضرات کرنی ہو تو لڑکی نابالغ یا عورت پر کرنا چاہیے عزیمت یہ ہے عزمت

علیکم اجب یا مہلائیل یا عماقیل یا تفتائیل یا سائیل اقسمت علیکم احضروا

للسخرات والحاضرات بحق ہمھوش تلیقا تلیقا ادقوش ادقوش ہدغیش

حذقوش عذقوش صرطوش صرطوش تیفیتا تیفیتا ادقوش ادقوش ہذوش

ہذوش بعشر الجن والارواح والشیاطین احضروا مسلسلین من المشارق والمغارب احضروا من

جانب الجنوب والشمال احضروا احضروا یا فہم علیشاہ حاضر شو بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

۲۴۰۰	۲۳۳۶	۲۳۹۰	۳۴۴
۲۳۹۱	۲۴۳	۲۴۰۱	۲۳۹۶
۲۳۶	۲۳۹۲	۲۳۲۵	۲۳۲۸
۲۳۹۴	۲۳۹۹	۲۳۵	۲۳۹۳

آنچہ در بدن فلان بن فلان آسیب جن و پری

و چڑیل وغیرہ کہ ایذا میدہد گرفتہ بود بحق بکتانوش

حاضر شو حاضر شو دیگر برای دفع جن از

کتاب ہیرا در بیر محفوظ علی صاحب آسیب مجرب ہے

چنبیلی کے تیل پر سورہ لایلاف تین بار اور وما رمیت

اذ رمیت ولکن اللہ رمی یا قوی یا قاہر ذو البطش الشدید انت الذی لا یطاق انتقامہ

یا قاہر ادفع ادفع اعدائک فتخرب الی الصد من القاہر تین بار اور سورہ الم ترکیف اور علی

تمام بعدہ شاہ مردان شیر یزدان قوت پروردگار لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار شاہ مردان شیر یزدان

صاحب دلدل سوار ہر بلا دور باشد ابن جوان بادشاہ حسن سلطان عالم سید احمد کبیر خاطر

سامع کن یا غوث الاعظم دستگیر بعدہ چار قل و سورہ فاتحہ ہے آمین اور آیۃ الکرسی ان سبکو بغیر

تسمیہ پڑہکر تیل پر دم کرے اور آسیب زدہ کے چہرے اور تمام بدن پر ملے خدا چاہے آسیب جاتا رہے فقط اور بتی

پلیتے اور تعویذ واسطے دفع آسیب کے باب نقوش مین لکہے جاوینگے نوع دیگر اعمال برائے اشیاء گم شدہ

وتنا نقش در زند جسکی کوئی چیز جاتی رہی ہو اوسکو چاہئے پڑہے پہر یہ آیہ یا بنی انہا ان تک

مثقال حبۃ من خردل فتکن فی صخرۃ او فی السموات او فی الارض یات بہا اللہ

ایکسو اوسی بار پڑہے خدا تعالی اوسکی گمشدہ چیز کو پہر عطا کریگا دیگر برائے دفع دزد سورہ بنی اسرائیل

کی پچہلی آیت یعنی قل ادعوا اللہ او ادعوا الرحمن ایا ما تدعوا سے آخر سورہ تک پڑہا کرے

یا گہر مین لگا رکہے اور جسکو سوداگری کا مال بیچنا ہو تو تین آیت لقد الذین

سب دیگر اپنی کتاب مین لکہا ہے کہ جسکی چیز گم ہو جائے یا لونڈی غلام بہاگ گیا ہو اوسکو چاہیے کہ

دو رکعت نماز پڑہ کر ان کلمات کو ساتہ دعا کے پڑہے بسم اللہ ہادی الضلال ورد الضالۃ اردد علی

ہوتے ہیں پڑھنا شروع کیا اور ایک سطر رہ گئی تھی کہ بس گیا ہوں وہ گزرا کہ ہمارا مقصد پورا ہو گیا اور
مقصود کو لکھ کر حروف تہجی مع اسمائے الٰہی جو جوہر سوم کتاب جواہر خمسہ اول دعوت حروف تہجی میں بیان
ہو چکا ہے **ایضاً** بعد نماز فجر کے ہر روز پانسو بار پڑھا کرے اور دعا مانگے کہ یا الٰہی قلب فلان بن
فلان طرف ما بگردان دعا مشہور یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ يَا مُفَتِّحَ
الْاَبْوَابِ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ يَا دَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ اَدْرِكْنِيْ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ
اَغِثْنِيْ تَوَكَّلْتُ عَلَيْكَ يَا رَبِّ وَفَوَّضْتُ اَمْرِيْ يَا رَبِّ لَبَّيْكَ يَا رَبِّ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ
ایضاً برائے اخلاص زن و شوہر یہ عزیمت لکھیں اور کالی ہانڈی پر پڑھ کر آگ میں دفن کرے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِيْمِ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ
نَسْتَعِيْنُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ احب فلان بن فلان على حب فلان
بن فلان **دیگر** برائے محبت اتوار کو اول ساعت میں اپنے معشوق کے بائیں پاؤں کی خاک لیکر یہ
عزیمت سات بار پڑھے اور وہ خاک اس کو دستار کے پیچ میں رکھے اور کنواری لڑکی سے سوت کتوا کر بٹے
اور اپنے سرہانے رکھے عزیمت یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ
سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ يَعْلَمُ [illegible] بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ حب فلان بن فلان
علی حب فلان بن فلان **اعمال عداوت و بغض و دشمن کی خرابی اور خانہ ویرانی**
اور مقهوری عدو کے بیان میں اگر دو آدمیوں میں جدائی کرنی منظور ہو تو یہ کچی اینٹ پر
آیت کو لکھ کر پرانی قبر میں دفن کرے خدا چاہے دشمن ہو جاویں یہ ہے وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَ
الْبَغْضَاۗءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ درمیان فلان و فلان عداوت پیدا شود **ایضاً** اگر اس آیت کو روٹی پر
لکھ کر کتے کو کھلا دے مرد میں عداوت ڈالنی ہو تو نر کو اور اگر عورت میں منظور ہو تو مادہ کو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِيْمِ كَلَّآ اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ وَقِيْلَ مَنْ رَاقٍ وَّظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ فلان بن فلان درمیان

فلان بن فلان عداوت باشد **ایضاً** سورہ تبت بغیر بسم اللہ کے تمام سرسوں اور سوئی سر پر دو کس
پیکر اکیس بار پڑھے اور ہر بار نام ہر دو کا لیتا جاوے اور تمام چیزوں کو آگ میں جلا دے عداوت جانی ہو جاوے
ایضاً سات دانہ جو لے پر سورہ اذا زلزلت الارض سات بار پڑھ کر آگ میں ڈالے ایک ایک اور
نام دونوں کا لیتا جاوے **دیگر** واسطے ہلاکی دشمن کے اگر اسم يَا بَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَا بَدِيْعُ ایک سو بار
پڑھے اور ہر بار دشمن کا نام لیتا جاوے عجب نہیں کہ دشمن جو سیوقت یا دوسرے ہفتے یا دوسرے مہینے یا دوسرے برس مر جاوے
ایضاً گوری مٹی کی ٹھیکری پر سورہ فیل تمام لکھو اور دو ٹکڑے کرکے ایک دشمن کے گھر میں ڈالے اور ایک پرانی قبر میں
گاڑ دے تو وہ مکان چھوڑ دے اور تباہ حال ہو **ایضاً** اگر ایک آبخورے آب دیدہ کے ۲۰ ٹکڑے کرکے
ہر ٹکڑے پر سورہ تبت بغیر بسم اللہ کے ایک بار پڑھے اور دشمن کے گھر میں کل ٹھیکرے پھینکے تو ویران
ہو جاوے گر عمل ہفتہ یا بدھ کو کیا جاوے **دیگر** برائے تخریب عدو جب کہ دشمن بہت ہوں یہ اسم
اور یہ آیت کو اکتالیس بار تین دن تک پڑھے اور چوراہے کی خاک پر پھونک کر دشمن کے گھر کی طرف
پراگندہ کرے اور ان کا نام لیتا جاوے يَا قَادِرُ ذُو الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِيْ لَا يُطَاقُ انْتِقَامُهٗ يَا قَاهِرُ
دیگر جو شخص یہ عزیمت کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے اور ہر روز لکھ کر بار پڑھا کرے کوئی دشمن ہوگا
اور کسی نظر میں عزیز ہو عزیمت یہ ہے اَللّٰهُمَّ انْصُرْنَا عَلٰى كُلِّ عَدُوٍّ صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ وَّذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَقَرِيْبٍ
وَّبَعِيْدٍ وَّشَاهِدٍ وَّغَائِبٍ وَّوَضِيْعٍ وَّشَرِيْفٍ وَّكَافِرٍ وَّمُسْلِمٍ لَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَا يَرْحَمُنَا وَاكْفِنَا
عَلَيْكَ مَنْ لَمْ يَاْتِ بِحَقِّ عِزَّتِكَ **دیگر** برائے ہلاکی دشمن سات قبر و فکر دو پہر کو الکاملین ہر دو
پڑھے دشمن ہلاک ہو جاوے اَللّٰهُمَّ شَتِّتْ شَمْلَهُمْ يَا قَهَّارُ بِقَهْرِكَ وَانْكُسْ اَعْلَامَهُمْ يَا قَهَّارُ بِقَهْرِكَ
وَفَرِّقْ جَمْعَهُمْ يَا قَهَّارُ بِقَهْرِكَ وَاَحْبِطْ اَعْمَالَهُمْ يَا قَهَّارُ بِقَهْرِكَ وَحَلِّلْ حَالَهُمْ يَا قَهَّارُ بِقَهْرِكَ دَمِّرْ
اِخْوَانَهُمْ يَا قَهَّارُ بِقَهْرِكَ وَقَلِّلْ اَعْلَامَهُمْ يَا قَهَّارُ بِقَهْرِكَ وَخَرِّبْ بُنْيَانَهُمْ يَا قَهَّارُ بِقَهْرِكَ وَقَرِّبْ اٰجَالَهُمْ
يَا قَهَّارُ بِقَهْرِكَ وَاشْغَلْهُمْ بِاَبْدَانِهِمْ يَا قَهَّارُ بِقَهْرِكَ وَخُذْهُمْ اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ بِقَهْرِكَ يَا قَهَّارُ

اَهلکهم کاهلاکِ شدّادٍ وَاَغرِقهم کاغراقِ فرعون لعنهما اللہ وَاهلِک بالقهرِ والقهرِ
فی قهرِک یا قهّارُ تو عدو گرفتار ہو۔ دیگر کوئی اس دعا کو ہمیشہ درمیان فرض وسنت کے وصل پڑھ لیا کرے اور
ایک عدد لکھ کر پہنے بازو پر باندھ لے تو کوئی دشمن اس پر غالب نہ آئے اور دعا یہ ہے سُبحانَ اللہِ القادرِ
القاهرِ القویِّ الکافی اَعوذُ باللہِ مِن شرِّ عدُوّی فَلی هُوَ اَقوی مِنه اَنا لَقیناک السّهرین
اللّٰهمّ ربِّ انّی مغلوبٌ فانتصر وصلّی اللہ علی محمّدٍ وآلہٖ وسلّم برحمتک یا ارحم الرّاحمین

باب دوم علم اعداد اور وقف و تکسیر و ریکھ کے بیان میں

یہ باب منقسم ہے اوپر ایک اصل و دس فصلوں اور ایک خاتمہ کے

اصل تعریف علم اعداد اور وقف کے بیان میں واضح ہو کہ علم اعداد جمیع علوم غریبہ مثل کیمیا و سیمیا
و ہیمیا وغیرہ سے مشکل اور افضل ہے جیسا فرمایا ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عِلمُ الاعدادِ اَجَلُّ العلوم
حروف و وقف اعداد جمیع حکما اسلاف بوسیلہ اسی علم کے بہرہ اندوز ہوگئے اور جو جو کہ دیکھا یا چنانچہ سنا گیا
کہ زمانہ سلف میں کسی شہر کے اندر قحط سالی بہ سبب غائب ہونے باران نہایت ہوا ہر چند اہل شہر دعا
مانگتے تھے جناب الٰہی میں حاجت نہ ہوتی تھی ناچار اور تنگ آکر ایک حکیم کے پاس گئے اور سب ماجرا عرض کی
اور کہا کہ ہم لوگ سب جانے میں ہیں کچھ تدبیر کیجئے حکیم نے ہر چند عذر کیا مگر کوئی پیش نہ گیا ناچار ایک نقش
لکھا اور کہا کہ فلاں ساعت میں آسمان کی طرف دیکھنا اور دعا کرنا انشاء اللہ بارش ہوگی پس انہوں نے
ایسا ہی کیا اس قدر بارش ہوئی کہ سب لوگ چیخ اٹھے اور تاب نہ لائے پھر حکیم کے پاس گئے اور نقش
تعویذ اور دیا اور کہا کہ اس کو زمین کی جانب رکھنا بارش تھم جائیگی غرض بیان اس جملہ معترضہ سے
یہ ہے کہ جناب باری نے اس علم میں وہ تاثیر عنایت کی ہے کہ عامل جو چاہے کرے دکھا دے یہ علم سیر الافلاک و
کواکب سے مخصوص ہے کیونکہ اکثر حکما کا اتفاق ہے کہ عالم علویات کواکب بروج و سماوات کی تاثیر بالخاصیہ
کر کے متقضی خیر و شر کے ہوتا ہے کہ جو کچھ مناسب اس کے ہو سعادت و نحوست کے ظہور میں آئے پس ایسے

اعداد و وقف مطابق اور یکے جس مطلب کے واسطے لکھو حاصل ہو غرض کہ جو کام خیر و شر
اس عالم کون و فساد میں واقع ہوتا ہے ظہور تاثیرات کواکب کا ہے پس اس سے معلوم ہوا کہ کوئی علم غریبہ
بغیر علم اعداد کے حاصل نہیں ہو سکتا جیسا کہ کہا حکیم کامل نے اِعلَموا اَنَّ عِلمَ السِّیمیاءِ جُزءٌ مِن
اعداد وَالوقفِ اور ظہور اور منفعت علم اعداد کی علم افلاک یعنی علم نجوم پر منحصر ہے پس یہ لوگ جنکی
شان میں اولٰئک کالانعام بل هم اضل شایان ہے خواص اسما و ادعیہ و اشیا کو محال جانتے ہیں اور
نہیں جانتے کہ کارخانہ الٰہی میں محال کیا مجال رکھتا ہے علم اعداد و افلاک سے محض ناواقف ہیں اگر کوئی
اسم یا دعا یا نقش کتاب میں دیکھ لیا اور وقت بے وقت لکھ دیا اگر محبت کے واسطے لکھا عداوت ہو گئی عداوت
کو لکھا الفت ہو گئی آخر کار کہتے ہیں نہ پڑھا عمل و دعا کچھ ہوتا اور اپنی تمکین تجربہ کار بتلایا پس حاصل اس
مقال کا یہ ہے کہ ایسے شائق کو چاہئے کہ قدرے علم نجوم میں بھی دستگاہ حاصل کرے تاکہ جس جگہ
اس علم کی بحث آجائے سمجھ لے اور دعا جس سبب سے بے بہرہ رہ جائے مثلاً اسم کہا کہ اگر محبت کے واسطے تعویذ
لکھا جاوے اور دعا پڑھی جاوے تو ایسے وقت ہو کہ جب زہرہ اپنے برج حوت میں ہو اور قمر
ثور یا سرطان میں ہو لیکن ہر شخص نہیں جان سکتا کہ زہرہ کب حوت میں آئیگی مگر جو کہ نجومی ہو
پس جبکہ اس قاعدہ پر جو کام کیا جائیگا ضرور ہو جائیگا لہذا چند اوقات جاننا واجب ہوا اور تعویذ جمیل
اعمال لکھے جاتے ہیں ہر شخص کو لازم ہے کہ ہر کام مطابق اوقات مفصلہ کے کرے تاکہ کام بخوبی انجام ہو اور
چونکہ معلومات کواکب متعلق بحث نجوم ہے اور نجوم بحث دیگر ہے اور اس مختصر میں گنجائش کہاں
لہذا اسی پر اکتفا کیا گیا واضح ہو کہ سعدین کواکب زہرہ اور مشتری ہے اسی واسطے حکمائے کہا ہے
کہ بوقت دعا ان ہر دو کواکب کا لحاظ چاہئے یعنے ان دونوں میں کوئی بھی طالع وقت ہو گا تو کام بخوبی
انجام پائیگا بہتر ہے کہ طالع دعا کے روز [illegible] و جدی سرطان یا قمر یا [illegible] جو عمل کا مقرر ہے جو اسد
طالع کریں [illegible] عمل [illegible] پر ہو اور چاہئے کہ [illegible] سرطان ہو آغاز دعا و تفرع

دیگر قاعدہ مربع ۱۰ عدد طرح دیکر باقی اعداد خانہ [illegible] تک پورا کرے مثلاً اعداد اسم حق کہ ۱۰۸ ہیں اس قاعدہ کے مربع میں پُر کیا جائے گا تو ہیں ۱۰ عدد طرح کئے تو باقی ۹۸ عدد رہے اونکو تیرہویں خانے سے لکھکر تمام کیا۔ اور یہ نقش واسطے آزار پلک کے بہت مجرب ہے نقش یہ ہے

۱۶	۲۲	۲۸	۴
۲۶	۳	۱۳	۲۴
۶	۳۴	۱۸	۱۲
۲۰	۱۰	۹	۳۰

۸	۱۱	۹۸	۱
۹۷	۲	۷	۱۲
۳	۶۰	۶	۶
۱۰	۵	۴	۹۹

دیگر قاعدہ مربع کہ پچیس عدد طرح دیکر باقی عدد خانہ نہم سے بارہویں خانہ تک پُر کرے اور باقی میں موافق معمول نظم طبعی لکھے مثلاً چاہا کہ اعداد اسم حق ۱۰۸ کو اس طرح پُر کریں جملہ اعداد سے پچیس طرح کئے تو ۸۳ باقی رہے پس اونکو خانہ نہم سے بارہویں تک [illegible] کیا اور یہ قاعدہ بجہت درد شکم اور درد کمر کے مجرب ہے نقش یہ ہے

۸	۸۵	۱۳	۱
۱۲	۲	۷	۸۷
۳	۱۶	۹۳	۶
۸۴	۵	۴	۱۵

قاعدہ دیگر ۹۰ طرح دیکر باقی عدد خانہ پنجم سے ہشتم تک پُر کریں اور باقی میں مطابق عدد معمول مثل اعداد اسم حق اسی طرح پُر کریں [illegible] لکھیں اور یہ قاعدہ برائے درد [illegible] جگر و سینہ کے مجرب نقش ہے

[illegible]	۱۴	۱۱	۸۲
۱۲	۸۱	۲	۱۳
۸۰	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۷۹	۱۰

قاعدہ دیگر اس میں ۳۲ عدد طرح دیتے ہیں اور باقی اعداد خانہ اول سے خانہ چہارم تک پُر کرتے ہیں مثلاً اس قاعدہ پر ۱۰۸ عدد پر کیا چاہتے ہیں ۳۲ دور کئے تو ۷۶ بچے اونکو خانہ اول سے چہارم تک لکھا اور باقی عدد موافق قاعدہ معمولی کے پُر کئے۔ اور قاعدہ برائے عقد اللسان و درد سر اور درد گوش کے بہت مفید ہے نقش مذکور ہے۔

۸	۱۱	۱۳	۷۵
۱۳	۷۶	۷	۱۲
۷۷	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۷۸	۱۵

نوع دیگر در بیان پُر کردن مربع بقواعد ذوالکتابہ پس اگر کوئی چاہے کہ کسی آیۃ یا اسم کو ہر چہار جلے یعنی علیحدہ علیحدہ خانہائے بیان یا فوقانی میں لکھے اور باقی خانہ میں

[illegible] شمار کریں حساب میں سے [illegible] جیسا کہ اسم قیوم [illegible] تو خانہ اول میں حرف قاف بعینہٖ لکھا چونکہ عدد قاف کے ۱۰۰ ہیں اسواسطے خانہ اول میں بجائے ۱۰۰ کے ق لکھا اور دوسرے میں [illegible] اسی طرح خانہ چار تک [illegible] میں لکھے کیونکہ خانہ نہم تک تعلق حرف قاف کا تھا اور خانہ پنجم سے خانہ ہشتم تک تعلق حرف یے کا ہے اور واو میں تفاوت تین خانہ کا ہے لہذا عدد یے سے تین کم کئے تو ۷ ہے پس خانہ پنجم میں ۷ اور چھٹے میں ۳۸ اور ساتویں میں ۳۹۔ آٹھویں میں بھی حرف یے [illegible] اور خانہ نہم میں کہ تعلق حرف واو [illegible] گیارہ کا رکھتا ہے اور درمیان انکے فرق دو خانہ کا ہے لہذا چھے عدد میں سے دو کم کئے تو چار باقی رہے [illegible] نہم میں اور پانچ خانہ دہم اور ۱۰۱ خانہ گیارہویں میں بعوض [illegible] اور خانہ بارہویں میں لکھو اور خانہ تیرہویں کو تعلق یے کا ہے خانہ سولہویں تک [illegible] خانہ ۱۴ میں واقع ہے پس درمیان ۱۳ اور ۱۴ کے تفاوت ایک خانہ کا ہے لہذا عدد یے سے ایک کم کیا تو ۹ رہے یہ خانہ ۱۳ میں لکھا اور ۱۴ میں بجائے [illegible] لکھے اور [illegible] سولہ میں ۱۱ لکھے اور یہ فن ذوالکتابہ نہایت مؤثر ہے۔ صورت نقش کی یہ ہے

م	و	ی	ق
۹	۱۰۱	۳۹	۷
۱۰۲	۱۳	۴	۳۸
۵	۳۷	۱۰۳	۱۱

مخفی نہ رہے کہ خواص فوائد اسمائے الٰہی احاطۂ تقریر و تحریر سے باہر ہیں [illegible] اس مختصر میں وسعت کہاں کہ تھوڑا سا بھی انکا بیان کیا جائے اور بیشتر کتابیں خواص اسمائے حسنیٰ میں چھپ چکی ہیں اور شائقین کو حصول فوائد انکے مطالعہ سے حاصل ہے لیکن راقم نے نقوش اسمائے حسنیٰ بقاعدہ ذوالکتابہ بعض بطریق نظم طبعی اور بعض بضابطہ تکسیر مثل [illegible] اور بعض جیسی قسمت مثل اسم باسط اور بعض خانہ خالی مثل خافض لکھے ہیں اسلئے کہ جملہ اسمائے الٰہی مربع میں ایک ہی طرح پر نہیں ہو سکتے پس جو شخص حسب مطلب اپنے کوئی اسم اسمائے الٰہی سے دریافت کرکے نقش ان نقوش ذیل سے لکھے اور حسب ترتیب عمل کریگا انشاء اللہ فوراً مطلب آویگا اسلئے ہر ایک نقش کی پیشانی پر ہر ایک کا خواص جدا جدا تحریر کیا ہے نقوش مذکورہ صفحہ ۵۳ سے ۶۹ تک دیکھو

برائے عزت و آبرو
برائے حفظ و تسخیر
برائے مہربانی حاکم
برائے روشنی چشم
برائے عزت و حرمت
برائے عفو قصور
برائے دفع امراض چشم
برائے عفو تقصیر